e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 219 Tuesday , May 13 2025 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر (۲۴) شمارہ نمبر (۲۱۹) لکھنؤ، بروز منگل ۱۳-مئی ۲۰۲۵ء، مطابق ۱۴/ذی القعدہ -۱۴۴۶ھ صفحات -۸

## آئی پی ایل 2025 کا بقیہ سیزن 17 مئی سے ہوگا شروع

نئی دہلی۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد، بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) نے بقیہ میچوں کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ آئی پی ایل 17 مئی سے دوبارہ شروع ہوگا۔ تمام میچ چھ گراؤنڈز پر کھیلے جائیں گے۔ فائنل میچ 3 جون کو کھیلا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ جمعہ اور ہفتہ کو ہندوستان چھوڑنے والے زیادہ تر غیر ملکی کھلاڑیوں کو جلد سے جلد اپنی اپنی ٹیموں میں شامل ہونے کے لیے کہا گیا ہے۔ آئی پی ایل کے موجودہ 2025 کے ایڈیشن میں 10 ٹیموں کے لیے 60 سے زیادہ غیر ملکی کھلاڑی کھیل رہے ہیں۔ اب تک کل 57 میچ کھیلے جا چکے ہیں اور باقی میچ بھی طے وقت میں پورے ہو جانے کا امکان ہے۔ بی سی سی آئی آنے والے دنوں میں نیا شیڈیول جاری کرے گا۔ واضح رہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جاری کشیدگی کی وجہ سے بی سی سی آئی نے آئی پی ایل-2025 کو ایک ہفتہ کے لیے معطل کر دیا تھا۔

## سامبا، جموں میں ڈرونز دیکھے گئے، ہندوستان نے مار گرایا

ہوشیار پور (ایجنسی) پاکستان کے ساتھ جنگ بندی کا معاہدہ ہو چکا ہے لیکن پیر کی رات تقریباً 9.30 بجے جموں و کشمیر کے سامبا میں ڈرون دیکھے گئے، جنہیں انڈین ایئر ڈیفنس نے مار گرایا۔ اسی دوران پنجاب کے ہوشیار پور میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ پورے ضلع میں بلیک آؤٹ کر دیا گیا۔ جالندھر میں بھی ڈرون دیکھے گئے۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان 10 مئی (ہفتہ) کی شام 5 بجے سے جنگ بندی نافذ ہو گئی ہے۔ گزشتہ تین روز سے تینوں افواج کے ڈی جی آپریشنز آپریشن سندور سے متعلق معلومات دے رہے ہیں۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ ہماری جنگ دہشت گردی اور دہشت گردوں کے خلاف تھی اس لیے ہم نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر حملے کیے لیکن پاکستان نے دہشت گردوں کی حمایت کرنا درست سمجھا۔ 7 مئی کو آپریشن سندور کے آغاز سے اب تک پاکستانی گولہ باری میں 5 آرمی اور 2 بی ایس ایف جوان شہید اور 60 زخمی ہو چکے ہیں۔

# پانی اور خون ایک ساتھ نہیں بہے گا: پی ایم مودی

### آپریشن سندور صرف نام نہیں، یہ ہندوستانی عوام کے جذبات کی عکاسی ہے، یہ دور جنگ کا نہیں ہے، لیکن یہ دور دہشت گردی کا بھی نہیں ہے، ہندوستان ایٹمی بلیک میلنگ کی دھمکیوں کے سامنے نہیں جھکے گا، پاکستان کے خلاف کارروائی صرف ملتوی ہوئی ہے، دوبارہ ہمت کی تو منہ توڑ جواب دیں گے: وزیراعظم کا ملک سے خطاب

نئی دہلی۔ (ایجنسی) پاکستان کے ساتھ جنگ بندی کے 51 گھنٹے بعد، پی ایم مودی نے پیر کی رات 8 بجے ملک سے خطاب کیا۔ اپنی 22 منٹ کی تقریر میں وزیراعظم نے پہلگام حملہ، آپریشن سندور، جنگ بندی، دہشت گردی، سندھ طاس معاہدہ اور پی او کے کے بارے میں بات کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے ان دہشت گردوں کا صفایا کر دیا ہے جنہوں نے اپنی ماؤں بہنوں کا سندور صاف کیا۔ ہمارے آپریشن میں 100 سے زیادہ خطرناک دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی درخواست پر بھارت نے تنازعہ روکنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ بھارت نے صرف پاکستان کے خلاف فوجی کارروائی ملتوی کی ہے۔ پاکستان کا رویہ دیکھ کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ ہندوستان کی تینوں افواج اور بی ایس ایف الرٹ پر ہیں۔ سرجیکل اور ایئر اسٹرائیک کے بعد آپریشن (سندور) دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کی پالیسی ہے۔ ہندوستان پر دہشت گردانہ حملہ ہوا تو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ ہم اپنی شرطوں پر جواب دے کر رہیں گے۔ ہر اس جگہ جا کر کارروائی کریں گے جہاں دہشت گردی کی جڑیں نکلتی ہیں۔ کوئی بھی نیوکلیئر بلیک میل ہندوستان برداشت نہیں کرے گا۔ ہندوستان فیصلہ کن حملہ کرے گا۔ ہم دہشت گردی کی سرپرست حکومت اور دہشت گردی کے آقاؤں کو الگ الگ نہیں دیکھیں گے۔" یہ بیان آج وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کے نام خطاب کے دوران دیا۔ 'آپریشن سندور' کے بعد یہ وزیراعظم کا پہلا عوامی خطاب تھا، جس میں انھوں نے ایک بار پھر واضح کر دیا کہ دہشت گردی کے خلاف ہندوستان

### امن کیلئے طاقت اور خوشحالی ضروری

اہل وطن، آج بدھ پورنیما ہے، بھگوان بدھ نے ہمیں امن کا راستہ دکھایا ہے۔ امن کا راستہ بھی طاقت سے گزرتا ہے۔ انسانیت کو امن اور خوشحالی کی طرف بڑھنے کے لیے، ہر ہندوستانی کے لیے امن سے رہنا، ترقی یافتہ ہندوستان کے خواب کو پورا کرنے کے لیے، ہندوستان کا طاقتور ہونا ضروری ہے۔ ضرورت پڑنے پر اس طاقت کا استعمال بھی ضروری ہے۔ بھارت نے گزشتہ چند دنوں میں یہی کیا ہے۔

پوری مضبوطی کے ساتھ 'زیرو ٹولرنس' والا رویہ اختیار کرے گا۔ ہندوستان کی رائے بالکل واضح ہے، دہشت گردی اور بات چیت ایک ساتھ نہیں ہو سکتی، دہشت گردی اور تجارت ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ پانی اور خون ایک ساتھ نہیں بہہ سکتے۔ میں عالمی برادری کو یہ بھی بتاؤں گا کہ ہماری اعلان کردہ پالیسی رہی ہے کہ پاکستان سے مذاکرات ہوں گے تو دہشت گردی پر ہوں گے، مذاکرات ہوں گے تو پی او کے پر ہوں گے۔

اپنے خطاب میں وزیراعظم نے ہندوستانی فوج کی بھرپور تعریف کی۔ انھوں نے کہا کہ "دنیا نے ملک کی صلاحیت اور صبر دونوں دیکھا۔ میں افواج کی بہادری اور ہمت کو سلام پیش کرتا ہوں۔ میں فوج، خفیہ ایجنسیوں کو سلام کرتا ہوں۔ (تینوں) افواج نے اپنی بھرپور بہادری کا مظاہرہ کیا۔" پہلگام حملہ کو یاد کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں کہ "22 اپریل کو پہلگام میں دہشت گردوں نے جو بربریت دکھائی تھی، اس نے ملک اور دنیا کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔ چھٹیاں منا رہے بے قصور و معصوم شہریوں کو مذہب پوچھ کر ان کے کنبہ کے سامنے، ان کے بچوں کے سامنے بے رحمی سے مار ڈالنا، یہ دہشت کا خوفناک چہرہ تھا۔ یہ ہندوستانی خیر سگالی کو توڑنے کی کوشش بھی تھی۔ میرے لیے یہ انفرادی طور سے بہت تکلیف دہ تھا۔"

پی ایم مودی نے پہلگام حملہ کے بعد دہشت گردی کے خلاف یکجہتی کا مظاہرہ کرنے پر پورے ملک کی تعریف کی۔ انھوں نے کہا کہ "اس دہشت گردانہ حملہ کے بعد پورا ملک، ہر شہری، ہر سیاسی پارٹی، ہر سماج، ہر طبقہ یک آواز دہشت گردی کے خلاف سخت کارروائی کے لیے اٹھ کھڑا ہوا۔" پھر وہ آپریشن سندور کا تذکرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ "آپریشن سندور صرف نام نہیں ہے، یہ ملک کے گوشے گوشے میں موجود عوام کے جذبات کی عکاسی ہے۔ آپریشن سندور انصاف کا عزم ہے۔ 6 مئی کی دیر شب، 7 مئی کی صبح پوری دنیا نے اس عزم کو نتیجہ میں بدلتے دیکھا ہے۔ ہندوستانی افواج نے پاکستان میں دہشت گردی کے ٹھکانو، ان کے ٹریننگ سنٹرس پر کامیاب حملہ کیا۔" وہ مزید کہتے ہیں کہ "دہشت گردوں نے خواب میں بھی نہیں سوچا ہوگا کہ ہندوستان اتنا بڑا فیصلہ لے سکتا ہے۔ لیکن جب ملک متحد ہوتا ہے تو فولادی فیصلے لیے جاتے ہیں، ریزلٹ لا کر دکھائے جاتے ہیں۔" وزیراعظم نے کہا کہ ہندوستان دہشت گردی کے آقاؤں اور ان کی سرپرستی کرنے والی حکومت کو الگ الگ اداروں کے طور پر نہیں دیکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ہندوستانی فوج کی کارروائی سے خطرناک دہشت گرد مارے گئے۔ ان کا تعلق دنیا بھر میں دہشت گردی کے واقعات سے تھا۔ انہوں نے کہا کہ فوج کی کارروائی میں دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ "فوج نے پاکستان کے سینے پر حملہ کیا"۔ مسٹر مودی نے کہا کہ پاکستان کے ڈی جی ایم او نے ہندوستان کے ڈی جی ایم او کو فون کیا اور کارروائی روکنے کی درخواست کی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد دہشت گردی کے خلاف کارروائی روک دی گئی ہے لیکن بند نہیں کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فوجی کارروائی میں ہندوستان میں تیار ہونے والے ہتھیاروں کا معیار دیکھا گیا۔



## ہند-پاک کے ڈی جی ایم اوز نے دوسری بار بات چیت کی

نئی دہلی: ہندوستان اور پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز (DGMOs) نے پیر کو بات چیت کی۔ خبر رساں ایجنسی پی ٹی آئی کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ دونوں ڈی جی ایم اوز نے 10 مئی کو فریقین کے درمیان فوجی کارروائی اور فائرنگ روکنے کے لیے طے پانے والے معاہدے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ بھارت کی جانب سے ڈی جی ایم او لیفٹیننٹ جنرل راجیو گھئی نے بات کی۔ بھارتی فوج کے ڈی جی ایم او لیفٹیننٹ جنرل راجیو گھئی اور پاکستانی فوج کے ڈی جی ایم او میجر جنرل کاشف عبداللہ کے درمیان ہاٹ لائن پر بات چیت ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی ڈی جی ایم او نے کہا کہ پاک فوج جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کرے گی۔ آپ کو بتاتے چلیں کہ ہاٹ لائن پر یہ بات چیت پہلے دوپہر 12 بجے ہونے والی تھی۔ لیکن یہ گفتگو شام پانچ بجے شروع ہوئی۔

## 32 سول ہوائی اڈوں پر فلائٹ آپریشن شروع

نئی دہلی۔ (ایجنسی) مرکزی حکومت نے ہنڈن، سری نگر، چنڈی گڑھ، جودھ پور، راجکوٹ اور بھوج سمیت ملک کے 32 ہوائی اڈوں کو شہری طیاروں کی کارروائیوں کے لیے دوبارہ کھول دیا ہے۔ حکومت نے پاکستان کے ساتھ فوجی کارروائی کے پیش نظر 15 مئی 2025 کی صبح 5.29 بجے تک ان ہوائی اڈوں پر آپریشن عارضی طور پر بند کر دیا تھا۔ اب یہ پابندی ہٹا دی گئی ہے۔ یہ ہوائی اڈے اب فوری طور پر سول ہوائی جہاز کے آپریشن کے لیے دستیاب ہیں۔

## اگر وزیراعظم کل جماعتی اجلاس میں نہیں آئیں گے تو ہم بائیکاٹ کریں گے

### پارلیمنٹ کا اجلاس مطالبہ: بی جے پی لیڈر کے تبصرہ پر کانگریس کا جوابی حملہ

نئی دہلی۔ (ایجنسی) کانگریس نے کہا کہ پہلگام حملے کے بعد حکومت نے دو بار آل پارٹی میٹنگ بلائی ہے، لیکن اب جب آل پارٹی میٹنگ ہوگی اور وزیراعظم نریندر مودی نہیں آئیں گے تو کانگریس اس میٹنگ کا بائیکاٹ کرے گی۔ کانگریس کے سینئر لیڈر بھوپیش بگھیل نے پیر کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ وزیراعظم کو پہلگام معاملے پر پہلے بلائی گئی آل پارٹی میٹنگ میں موجود رہنا چاہیے تھا، لیکن اگر وہ اگلی میٹنگ میں نہیں آتے ہیں تو کانگریس اس میٹنگ کا بائیکاٹ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے اعلان کیا ہے کہ اگر مسٹر مودی اگلی آل پارٹی میٹنگ میں نہیں آتے ہیں تو ہم میٹنگ میں شرکت نہیں کریں گے اور واک آؤٹ کر کے میٹنگ کا بائیکاٹ کریں گے۔ دہشت گردی کے خلاف کارروائی کی کامیابی کے حوالے سے ایک سوال پر مسٹر بگھیل نے کہا کہ اگر یہ کامیاب رہی ہے تو حکومت کو کل جماعتی اجلاس کے ساتھ ساتھ پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلانا چاہیے اور اس میں ہمارے سوالات کے جواب دینے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے سامنے بہت سے سوالات ہیں اور مسٹر مودی کو پریس کانفرنس، آل پارٹی میٹنگ اور پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلا کر ان سوالوں کا جواب دینا چاہیے۔

وہیں پہلگام دہشت گردانہ حملے اور اس کے بعد کے واقعات پر پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلانے کا مطالبہ کر رہی ہے کانگریس نے بی جے پی کے نشی کانت دوبے کے تبصرے پر جوابی حملہ کیا ہے کانگریس کے کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے سربراہ پون کھیڑا نے سوشل میڈیا ایکس پر کہا کہ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپئی نے بھی 1962 کی جنگ کے بعد ملک کو جواب دینے کے لیے پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا تھا۔

## اب ہند-پاک تجارت میں مدد کیلئے بھی تیار: ٹرمپ



واشنگٹن (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان میں جنگ بندی میں مدد کے بعد امریکہ دونوں ملکوں کی تجارت میں مدد کے لیے بھی تیار ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے وہائٹ ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ نے جنگ بندی میں دونوں ممالک کی بہت مدد کی اب وہ ہند-پاک تجارت میں مدد کے لیے بھی تیار ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ جلد پاکستان سے بات کروں گا، پاکستان اور ہندوستان پر بات چیت کے لیے دباؤ ڈالا۔ ہم نے پاکستان اور ہندوستان کے درمیان جوہری تنازع روکا، پاکستان ہندوستان دونوں کو کہا لڑائی روکیں۔

## آپریشن سندور: شہید بی ایس ایف جوان محمد امتیاز نم آنکھوں سے وداع



چھپرہ (ایجنسی) 'آپریشن سندور' کے دوران پاکستانی گولی باری میں شہید ہوئے بی ایس ایف سب انسپکٹر محمد امتیاز کا جسد خاکی پیر کے روز دوپہر جب بہار کے سارن (چھپرہ) ضلع واقع ان کے گاؤں نارائن پور پہنچا تو وہاں موجود سبھی کی آنکھیں نم تھیں۔ شہید محمد امتیاز کا آخری دیدار کرنے کے لیے ہزاروں افراد کا ہجوم وہاں موجود تھا۔ صبح سے ہی ان کی رہائش کے باہر لوگوں کی بھیڑ جمع ہونی شروع ہو گئی تھی۔ وہ سبھی ملک کی حفاظت کے لیے قربانی دینے والے اپنے بہادر جوان کو آخری بار دیکھنے کو منتظر تھے۔ سبھی کی آنکھیں نم ضرور تھیں، لیکن فخر بھی تھا کہ گاؤں کا بیٹا ملک کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہوا۔ شہید محمد امتیاز کا جب جنازہ نکلا اور تدفین کا عمل انجام دیا جا رہا تھا تو زور و شور سے 'ویر شہید امر رہے' کے نعرے گونج رہے تھے۔ نارائن پور کی سڑک پر دونوں طرف تقریباً 2 کلومیٹر تک ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کی بھیڑ نظر آ رہی تھی اور کئی لوگوں کے ہاتھوں میں ترنگا دکھائی دے رہا تھا۔ کئی لوگ 'ہندوستان زندہ باد' کا نعرہ بلند کر رہے تھے۔ رہ رہ کر 'بھارت ماتا کی جے' کا نعرہ بھی سنائی دے رہا تھا۔ اس بھیڑ میں موجود نوجوان طبقہ شہید محمد امتیاز کے جسد خاکی کو دیکھ کر ایک عجب سے جوش میں مبتلا دکھائی دے رہا تھا۔ گاؤں کے لوگوں نے کہا کہ اگر ملک کے لیے ضرورت پڑی تو وہ ابھی اپنے بیٹے بیٹیوں کو سرحد پر بھیجنے کے لیے تیار ہیں، انھیں بخوشی وہ قربان کرنے پر راضی ہیں۔ وہاں موجود سبھی امتیاز کی شہادت پر فخر کرتے ہوئے بھی دکھائی دیے۔ ہند-پاک سرحد پر جموں کے آر ایس پورہ میں سب انسپکٹر عہدہ پر تعینات محمد امتیاز کے بارے میں بتایا جا رہا ہے کہ وہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پوری مستعدی کے ساتھ ہندوستان کی حفاظت کر رہے تھے۔

## ایرانی وزیر خارجہ کے خلاف یوٹیوبر کے نازیبا الفاظ غیر مہذبانہ: سفارتخانہ

نئی دہلی (یو این آئی) یوٹیوبر گورو آریہ نے ایران کے وزیر خارجہ عراقچی کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کیے جس پر ایران نے ناراضگی اور مایوسی کا اظہار کیا ہے اپنے پروگرام میں گورو آریہ نے ایرانی وزیر خارجہ پر ذاتی حملہ کیا، اس پر ایران میں ہندوستان کے سفارتخانہ نے کہا کہ گورو آریہ نے وزیر خارجہ کے بارے میں جو کہا وہ انکی ذاتی رائے ہے اور انھوں نے جو باتیں کہی ہیں وہ نامناسب ہیں یہ حکومت ہند کا سرکاری موقف نہیں ہے ہندوستان میں ایران کے سفارتخانہ نے ایکس پر کہا کہ مہمان کی عزت ہونی چاہئے، ایران مہمان کو خدا کے محبوب بندہ کے طور پر دیکھتا ہے۔ گورو آریہ نے ایرانی وزیر خارجہ کے بارے میں انڈیا ٹی وی کے ایک پروگرام میں جو باتیں کہیں اس سے چینل نے بھی خود کو الگ کر لیا ہے۔ گورو آریہ نے کہا کہ جب آپریشن سندور چل رہا تھا تو اس وقت ایران نے ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مفاہمت کی بات کی اور کہا کہ ایران دونوں ملکوں کے معاملات میں دخل دینے کی کوشش کر رہا ہے۔

## بات چیت سے ہی حاصل ہوگا کاروبار اور بہتر زندگی میں ہدف

### وزیراعلیٰ یوگی نے گورکھپور میں اربن سٹیزن فسلیٹی سینٹر اور سینئر سٹیزن کیئر سینٹر کا افتتاح کیا



لکھنؤ۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ جمہوریت کی پہلی شرط بات چیت ہے اور بات چیت کے ذریعے ہی مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے اور کاروبار کرنے میں آسانی اور زندگی میں آسانی کے اہداف حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ پیر کو سول لائنز علاقے میں بنائے گئے نگری سیوا کیندر، شہری سہولت مرکز اور سینئر سٹیزن ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح کرنے کے بعد اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے یوگی نے کہا "ہمیں عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے قابل ہونا چاہیے، ہمیں زیادہ سے زیادہ عام آدمی کی بات سننے کے قابل ہونا چاہیے، یہی جمہوریت کی کامیابی کی بنیاد ہے۔ ان دو پروجیکٹوں کی کل لاگت 12 کروڑ 40 لاکھ روپے ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جمہوریت میں لوگوں کو نہ صرف عام شہری کے طور پر دیکھا جاتا ہے بلکہ انہیں جنتا جناردن کے نام سے بھی مخاطب کیا جاتا ہے۔ ہمیں جمہوریت کے اس جذبے کو اپناتے ہوئے آگے بڑھنا ہوگا۔ یوگی نے کہا کہ بدلتے ہوئے عالمی ماحول میں ہندوستان ترقی کی نئی بلندیوں کو حاصل کر رہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں آزادی کے امرت سال میں اس نے 200 سال تک حکومت کرنے والے برطانیہ کو پیچھے چھوڑ کر دنیا کی پانچویں بڑی معیشت بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ یوگی نے کہا کہ ملک کی خوشحالی ہماری زندگی کا مقصد ہونا چاہئے۔ اسی جذبے کے ساتھ، اتر پردیش نے گزشتہ آٹھ سالوں سے پی ایم مودی کی رہنمائی میں شہری کاری کو بڑھانے کی مہم شروع کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پہلے گورکھپور کی حالت نگر پنچایت جیسی ہوتی تھی۔ اب ترقی کے سفر میں میونسپل کارپوریشن کی شکل میں اس کا شمار ریاست کے بڑے شہروں میں ہوتا ہے۔

پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ آسان اور آسان سہولیات کی فراہمی جمہوریت کی اولین شرط ہے۔ جمہوریت میں عام لوگوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ جمہوریت میں عام عوام کو عوام کہا جاتا ہے۔ ہم سب کو عوام کو تمام سہولیات فراہم کرنے کا جذبہ اپنانے کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ ہمیں ہر شہری کو سہولیات فراہم کرنا ہوں گی۔ عوامی سماعت کے ذریعے اس نظام کو مزید مضبوط کیا جا سکتا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کے زون 03 کے 16 وارڈوں کو شہری سہولت مرکز کے ذریعے ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر آئیں گی۔ پہلے لوگوں کو آمدنی، ذات، رہائش، ڈیتھ اور برتھ کے سرٹیفکیٹ بنوانے اور ٹیکس ادا کرنے کے لیے بھاگنا پڑتا تھا۔ لیکن اب ان تمام مسائل کو اس شہری سہولت مرکز کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ میونسپل کارپوریشن کی یہ اختراعی کوشش بہت معنی خیز ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آج یہاں سینئر سٹیزن کیئر سینٹر کا بھی افتتاح کیا گیا ہے۔ یہ سہولت شہر کے معمر افراد کو حاصل ہوگی۔ وہ دن بھر یہاں بیٹھ سکیں گے۔ ان کے لیے یہاں کینٹین کی سہولت بھی ہوگی۔ اس کے علاوہ لائبریری میں یوگا کی مشق، اخبارات پڑھنے اور مذہبی کتابیں پڑھنے وغیرہ کا بھی انتظام کیا جائے گا، یہاں کونسلروں کے بیٹھنے کا الگ انتظام ہے۔ اہم حالات حاضرہ پر گفتگو اور انڈور گیمز کے لیے بھی انتظامات کیے گئے ہیں۔ آج گورکھپور بدل رہا ہے۔

## رام کو خیالی کہنے پر راہل گاندھی کے خلاف مقدمہ درج

وارانسی: ہندو مذہب میں بھگوان کا درجہ رکھنے والے رام کو خیالی کہنے پر کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی کے خلاف وارانسی کے ایم پی ایم ایل اے کورٹ میں ایک درخواست دائر کی گئی ہے۔ جج نے اس تحریری شکایت قبول کرتے ہوئے سماعت کے لیے 19 مئی کی تاریخ مقرر کی۔ ایم پی ایم ایل اے کورٹ میں مقدمہ دائر کرنے والے سینئر وکیل ہری شنکر پانڈے نے کہا کہ راہل گاندھی نے حال ہی میں براؤن یونیورسٹی میں اپنے خطاب کے دوران بھگوان رام کے بارے میں ایک متنازع بیان دیا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ راہل گاندھی رام کو اساطیری اور افسانوی کردار قرار دیتے ہوئے اس دور کے تعلق سے بتائی جانے والی باتوں کو خیالی بتایا۔ وکیل کا کہنا ہے کہ راہل گاندھی رام کے غدار ہیں۔ رام کے وجود پر سوال اٹھا کر وہ ملک اور سناتن دھرم سے جڑے لوگوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچا رہے ہیں۔ ان کی حکومت نے رام مندر کی مخالفت کی اور رام کے وجود پر ہی سوال اٹھائے۔ اس معاملے میں مقدمہ درج کیا جائے۔ عدالت نے اس پر سماعت کے لیے 19 مئی کی تاریخ مقرر کی ہے۔ اس میں وکیل سے کہا گیا ہے کہ وہ الزام کے ثبوت پیش کریں۔

## سری نگر میں آٹھ مقامات پر پولیس کے چھاپے

سری نگر۔ (یو این آئی) وادی میں دہشت گرد نیٹ ورک کے خلاف جاری مہم کو تیز کرتے ہوئے سرینگر پولیس نے پیر کو آٹھ مختلف مقامات پر منظم کارروائی انجام دی۔ یہ چھاپے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون 'یو اے پی اے' کے تحت اُن افراد کے گھروں پر مارے گئے جو دہشت گرد تنظیموں کے معاون سمجھے جا رہے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق، یہ کارروائی دہشت گردوں کے نیٹ ورک کو بے نقاب کرنے اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے کی گئی۔ اب تک 150 سے زائد مشتبہ افراد کے مکانات پر تلاشی لی جا چکی ہے، اور تازہ کارروائی میں جن افراد کے گھروں پر چھاپے ڈالے گئے ان میں عادل منظور لنگو، باسط بلال، وسیم طارق مٹہ، فیاض احمد لون، محمد اشرف کلو، قاضی عثمان، مظفر احمد، شہباز فاروق بٹ شامل ہیں۔

## آپریشن سندور: 'ہمارا ایئر ڈیفنس سسٹم ملک کیلئے دیوار کی طرح کھڑا تھا'

### ہندوستانی فوج نے بیان کی حقیقت حال، ہم نے کیرانہ ہلز پر حملہ نہیں کیا، چاہے وہاں کچھ بھی ہو: ایئر مارشل بھارتی




نئی دہلی (ایجنسی) فضائیہ کے آپریشنز کے ڈائریکٹر جنرل ایئر مارشل اے کے بھارتی نے ان قیاس آرائیوں کو مسترد کر دیا ہے کہ ہندوستانی افواج نے مبینہ طور پر پاکستان کی کیرانہ ہلس میں واقع جوہری تنصیبات پر حملہ کیا ہے ایئر مارشل بھارتی نے یہ بات پیر کو یہاں آپریشن سندور پر خصوصی بریفنگ کے دوران سوالات کے جواب میں کہی۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کے بارے میں پوچھے جانے پر کہ کیا ہندوستان نے کیرانہ ہلز میں اس جگہ کو نشانہ بنایا جہاں ایک جوہری ذخیرہ کرنے کی سہولت موجود بتائی گئی تھی، ایئر مارشل بھارتی نے کہا کہ "یہ بتانے کے لیے آپ کا شکریہ کہ کیرانہ ہلز میں کچھ جوہری تنصیبات ہیں اور ہمیں اس کا علم نہیں تھا۔ ہم نے کیرانہ ہلز پر حملہ نہیں کیا، چاہے وہاں کچھ بھی ہو۔ ایئر مارشل نے کہا کہ ہماری لڑائی دہشت گردوں اور ان کے انفراسٹرکچر کے خلاف تھی تاہم یہ افسوسناک ہے کہ پاک فوج نے مداخلت اور دہشت گردوں کی حمایت کا فیصلہ کیا اور اس نے ہمیں اسی طرح جواب دینے پر مجبور کیا۔ انہوں نے کہا کہ فضائی حملوں سے پاکستان کے فوجی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے لیکن ہندوستان کے تمام فوجی اڈے اور تمام نظام مکمل طور پر کام کر رہے ہیں اور ضرورت پڑنے پر مستقبل میں کسی بھی مشن کو انجام دینے کے لیے تیار ہیں۔

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کے بعد پیر (12 مئی) کو فوج کے تینوں شعبوں کے ڈائریکٹر جنرل سطح کے افسران نے پریس کانفرنس کر کے 'آپریشن سندور' کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔ بریفنگ کی شروعات کرتے ہوئے ایئر مارشل اے کے بھارتی نے بتایا کہ "پاکستانی فوج نے دہشت گردوں کا ساتھ دینا جاری رکھا، جو کہ افسوسناک امر ہے۔ ہندوستانی فوج کی لڑائی صرف دہشت گرد کے خلاف ہے۔" ایئر مارشل اے کے بھارتی نے کہا کہ اتوار (11 مئی) کو ہم نے تفصیل سے بتایا تھا کہ ہندوستان نے کس طرح پاکستان اور مقبوضہ کشمیر میں کارروائی کی تھی۔ ہم نے کل واضح کر دیا تھا کہ ہم نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا تھا، پاکستان کے فوجی تنصیبات کو نہیں۔ حالانکہ پاکستان نے ہمارے فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ ہماری جنگ دہشت گردی اور دہشت گردوں کے خلاف تھی۔ 7 مئی کو ہم نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر ہی حملہ کیا تھا، لیکن پاکستان نے دہشت گردوں کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا۔ ان کا جو بھی نقصان ہوا، اس کے لیے وہ خود ہی ذمہ دار ہیں۔ ہماری طرف سے ایئر ڈیفنس سسٹم ملک کے لیے دیوار کی طرح کھڑا تھا، اسے تباہ کرنا دشمن کے لیے ناممکن تھا۔

## وراٹ کوہلی کا ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

### سوشل میڈیا پر کیا جذباتی پوسٹ، ساتھی کھلاڑیوں کی محنت کی بدولت کوہلی نے ٹیم کو عالمی نمبر-1 کی پوزیشن پر پہنچایا تھا



نئی دہلی۔ ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور مایہ ناز بلے باز وراٹ کوہلی نے ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ گزشتہ کچھ دنوں سے ان کے ایسا کرنے کی خبریں سامنے آ رہی تھیں۔ اطلاع کے مطابق سلیکٹرس چاہتے تھے کہ کوہلی آئندہ انگلینڈ دورے پر جائیں۔ روہت شرما نے 7 مئی کو ٹیسٹ میچوں سے سبکدوش ہونے کا اعلان کر کے سب کو چونکا دیا تھا۔ اب کوہلی نے بھی اپنے تمام چاہنے والوں کو دل توڑنے والی خبر دے دی ہے۔ وراٹ کوہلی نے اپنے 'انسٹاگرام پوسٹ' پر ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا، "ٹیسٹ کرکٹ میں پہلی بار سفید جرسی پہنے ہوئے 14 سال ہو چکے ہیں، ایمانداری سے کہوں تو میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ یہ فارمیٹ مجھے کس سفر پر لے جائے گا۔ اس نے میرا امتحان لیا۔ مجھے شکل دی اور مجھے ایسے سبق سکھائے جنہیں میں زندگی بھر ساتھ رکھوں گا۔ سفید کپڑوں میں کھیلنا ایک بہت ہی نجی تجربہ ہے۔ شانت محنت، لمبے دن، چھوٹے چھوٹے لمحے جنہیں کوئی نہیں دیکھتا لیکن جو ہمیشہ آپ کے ساتھ رہتے ہیں۔" کوہلی نے آگے کہا، "جب میں اس فارمیٹ سے دور جا رہا ہوں تو یہ آسان نہیں ہے۔ لیکن یہ صحیح لگتا ہے۔ میں نے اس میں اپنا سب کچھ دیا ہے اور اس نے مجھے میری امید سے کہیں زیادہ دیا ہے۔ میں کھیل کے لیے، میدان پر کھیلنے والے لوگوں کے لیے اور ہر اس شخص کے لیے شکریہ سے بھرا دل لے کر جا رہا ہوں، جس نے مجھے اس سفر میں آگے بڑھایا۔ میں ہمیشہ اپنے ٹیسٹ کیریئر کو مسکراتے ہوئے دیکھوں گا۔" واضح رہے کہ وراٹ کوہلی ہندوستانی ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں سب سے کامیاب کپتان رہے ہیں۔

